# Grenfell Tower community update: September 2026 - Urdu / اردو

**گرینفیل ٹاور (Grenfell Tower) کمیونٹی اپ ڈیٹ :ستمبر 2026**

ہمیں احساس ہے کہ گرینفیل ٹاور اس سانحے سے سب سے زیادہ اثر انداز ہونے والوں کے لئے انتہائی ذاتی اہمیت رکھتا ہے اور یہ زمین فیملیز کے لئے مقدس ہے۔

ہم گرینفیل ٹاور کو احتیاط سے گرانے کے دوران آپ کو اپنے کام سے باخبر رکھنا چاہتے ہیں۔
اس اپ ڈیٹ میں آپ کو ذیل کے بارے میں مزید معلومات مل سکتی ہیں:

- **دھول، وائبریشن اور شور کی نگرانی کی معلومات**
- **صحت اور بہبود کی معاونت**
- **ہم سے کیسے بات کریں یا مزید معلومات کیسے لیں**

آپ ذیل پر گزشتہ اپ ڈیٹس دیکھ سکتے ہیں: www.gov.uk/grenfell-community-updates

## دھول، وائبریشن اور شور کی نگرانی کی معلومات

حکومت یہ یقینی بنانے کے لئے کوشاں ہے کہ گرینفیل ٹاور کے مقام پر ہونے والا تمام کام اعلی ترین معیارات کے مطابق ہو۔ کمیونٹی اور مقام پر کام کرنے والے لوگوں کا تحفظ اور بہبود ہماری ترجیح ہے۔ مقام پر مانیٹر موجود ہیں جو دھول، وائبریشن اور شور کا براہ راست ڈیٹا جمع کرتے ہیں۔ یہ ڈیٹا ہر ماہ شائع کیا جاتا ہے۔ تازہ ترین رپورٹس دیکھنے کے لئے براہ مہربانی درج ذیل لنکس پر کلک کریں:
دھول کی نگرانی کی رپورٹ 29 جون تا 26 جولائی 2026
وائبریشن کی نگرانی کی رپورٹ 29 جون تا 26 جولائی 2026
شور کی نگرانی کی رپورٹ 29 جون تا 26 جولائی 2026

یوکے ہیلتھ سکیورٹی ایجنسی (UK Health Security Agency, UKHSA) اس کام کی انجام دہی کے دوران گرینفیل ٹاور کے ارد گرد کے علاقے میں ہوا کے معیار کا تجزیہ اور نگرانی جاری رکھے گی۔ یہ ہر ماہ اپنی رپورٹس شائع کرتی ہے۔ آپ یہاں تازہ ترین رپورٹ دیکھ سکتے ہیں:
گرینفیل ٹاور کی آگ کے بعد ماحولیاتی نگرانی - GOV.UK

## صحت اور بہبود کی معاونت

اگر آپ کسی سے بات کرنا چاہتے ہیں تو گرینفیل بہبود کی سروس (Grenfell Wellbeing Service) بچوں اور بالغ افراد کے لئے ایک مفت اور خفیہ NHS سروس ہے۔ گرینفیل ٹاور کو احتیاط سے گرانے کے مکمل عمل کے دوران سوگوار فیملیز، سروائیورز اور نزدیکی کمیونٹی کے رہائشیوں کے لئے معاونت دستیاب رہے گی۔ اگر آپ کسی سے بات کرنا چاہتے ہیں تو آپ درج ذیل کام کر سکتے ہیں:

- گرینفیل بہبود کی سروس کو 020 8637 6279 پر کال کریں
(ہر روز صبح 8 تا رات 8 بجے)۔
- ہنگامی صورتحال میں سنٹرل اینڈ نارتھ ویسٹ لندن NHS فاؤنڈیشن ٹرسٹ (Central and North West London NHS Foundation Trust, CNWL) کی مرکزی رہنمائی و مشاورت لائن سے ذیل پر رابطہ کریں:
0800 0234 650 (یہ دن کے 24 گھنٹے، ہفتے کے سات دن کھلی ہوتی ہے)۔

- ای میل: grenfell.wellbeingservice@nhs.net
- مزید معلومات کے لئے ملاحظہ کریں: www.grenfellwellbeing.cnwl.nhs.uk۔

دستیاب خدمات کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لئے ملاحظہ کریں: www.grenfell.nhs.uk۔

**ہم سے کیسے بات کریں یا مزید معلومات کیسے لیں**

ہم اس طریقے سے معلومات کا اشتراک کرنا چاہتے ہیں جو آپ کے لئے کارآمد ہو۔ ہم ذیل پر باقاعدگی سے اپ ڈیٹس اور معلومات کا اشتراک جاری رکھیں گے: www.gov.uk/grenfell-community-updates

براہ مہربانی ہمیں ذیل پر ای میل کریں: GrenfellTowerSite@communities.gov.uk بنام:

- ہم سے یا گرینفیل ٹاور کے مقام کے مرکزی ٹھیکے دار DCUK سے بات کرنے کا انتظام کریں۔
- ٹاور کو احتیاط سے گرانے کے کام کے بارے میں اپنے کوئی بھی سوالات ہم سے پوچھیں یا اپنے خدشات کا اظہار کریں۔
- ہم سے آپ کو براہ راست ای میل پر باقاعدہ اپ ڈیٹس بھیجنے کی درخواست کریں۔
- اگر آپ چاہیں تو ہمارے آپ کے ساتھ مواصلت اور شمولیت کے طریقے کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کریں۔ ہم آپ کے خیالات کا خیر مقدم کرتے ہیں۔

گرینفیل ٹاور کی تازہ ترین خبروں اور ای میل اطلاعات کی خاطر سائن اپ کرنے کے لئے براہ مہربانی ذیل پر جائیں: www.gov.uk/grenfell-community-updates یا کیو آر کوڈ اسکین کریں۔

**گرینفیل ٹاور کے مقام کی انتظامی ٹیم،**

**وزارت برائے رہائش، کمیونٹیز اور مقامی حکومت**